© rasailojaraid.com

# امام فخر الدین رازیؒ کی ایک نادر تصنیف

محمد صغیر حسن معصومی

ابوعبداللہ نیز ابوالفضل محمد بن عمر الرازی (المتوفی ۶۰۶ھ/۱۲۰۹ء) جو امام رازی و فخر رازی جیسے القاب سے مشہور ہیں تاریخ اسلام میں ایک بڑی شخصیت کے مالک ہیں، بلکہ امام غزالیؒ کے بعد "حجۃ الاسلام" کہلانے کے صحیح حق دار سمجھے جاتے ہیں۔ یہ اپنے زمانہ میں فلسفہ، کلام، تاریخ، تفسیر، حساب، طبیعیات اور کیمیا و نجوم میں یگانۂ عصر تھے۔ ابھی تک مستشرقین یا علمائے اسلام نے کماحقہ ان کے مؤلفات کی طرف توجہ نہیں کی ہے۔ ان کی سب سے مشہور تالیف تفسیر کبیر علماء میں متداول ہے، اور اب بھی حلقۂ تدریس میں ان کی شرح اشارات اور محصل کا نام لیا جاتا ہے۔ گو اب بہت کم لوگ ایسے رہ گئے ہیں جو ان کتابوں کے مطالعہ کی زحمت گوارا کرتے ہیں۔ محصل کا پورا نام "محصل افکار المتقدمین والمتاخرین" ہے جو در حقیقت فلسفہ و کلام کا نچوڑ ہے۔

امام رازی اپنی خطابت، وعظ و علمی وقار کی بدولت شیخ الاسلام جیسے لقب سے ممتاز ہوئے۔ بڑے بڑے علماء، صوفیاء، قضاۃ، امراء اور شاہان وقت ان کے آگے زانوئے تلمذ تہ کرنا فخر سمجھتے تھے۔

اشعری العقیدہ شافعی مسلک کے ایک علمی خاندان میں رَے میں ۲۵ رمضان ۵۴۴-۵۴۳ھ/۱۱۴۹-۵۰ء میں پیدا ہوئے[1]۔ اپنے والد ماجد ضیاء الدین عمر مشہور بخطیب رے سے ابتدائی تعلیم پائی۔ یہی وجہ ہے کہ "ابن خطیب الری" کے لقب سے بھی یاد کئے جاتے ہیں۔ والد کے انتقال کے بعد ایک مدت تک کمال سمنانی (ابو [illegible] سمعانی) سے علم حاصل کرتے رہے اور پھر المجد الجیلی سے فلسفہ و کلام ایک زمانے تک پڑھتے رہے۔ کہا جاتا ہے کہ امام الحرمین کی الشامل فی اصول الدین کے پورے حافظ تھے اور فقہ و اصول میں ان کے اساتذہ کا سلسلہ امام شافعی پر اور کلام و عقائد میں امام ابوالحسن اشعری پر منتہی ہوتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فلسفہ، کلام اور علوم اسلامیہ کی تحصیل کے بعد امام رازی نے بخارا، خوارزم اور ماوراء النہر کا سفر ان مقامات کے علماء سے علمی مناظروں اور بحثوں میں اپنی قوت حافظہ، زورِ خطابت اور زور بیان کا سنوایا، مگر عافیت اسی میں دیکھی کہ ان مقامات سے خاموشی کے ساتھ گزر جائیں۔

امام رازی کا ابتدائی زمانہ نہایت عسرت و تنگدستی میں گزرا تھا یہاں تک کہ حسب بیان القفطی[2] را کے ایک مدرسہ کے قیام کے زمانے میں بیمار پڑے تو ان کی زبوں حالی دیکھ کر ان کے دوستوں نے اپنے ہ دوستوں سے زکوٰۃ کی رقم جمع کر کے ان کی پریشان حالی دُور کی۔

حسب بیان ابن خلکان[3] خوارزم سے امام رازی رے واپس آئے اور ایک بڑے مال دار طبیب کے تھ قیام کیا۔ کہتے ہیں[4] کہ اس طبیب کی دو بیٹیوں سے امام نے اپنے دو بیٹوں کی شادی کر دی۔ طبیب بستر ے پر تھا۔ شادی کے بعد ہی قضا کر گیا اور ساری دولت امام کے تصرف میں آئی۔ بظاہر اس واقعے کی راقت موہوم ہے، اس لئے کہ اگر تعلیم کے بعد رے کی واپسی کا ذکر ہے تو اس وقت تک خود امام کی شادی ہ خاندان کا پتہ نہیں لگتا، اور اگر رے کی اس واپسی سے شہر ہرات میں بلوے کے بعد رے آنا سمجھا جائے، تو ں وقت امام صاحب کی دولت کی فراوانی کا حال سب کو معلوم ہے اور طبیب کی دولت سے ان کی دولت ں اضافہ کوئی حقیقت نہیں رکھتا، پھر خود ان کے لڑکے اس قابل ہو چکے تھے کہ اپنی مرضی سے اس دولت و تصرف میں لاتے، اس لئے امام لڑکوں کی دولت[5] کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھ سکتے تھے۔ بنابریں القفطی کا بیان قرین قیاس ہے کہ بخارا سے امام نے خراسان کا سفر کیا، جہاں وہ خوارزم شاہ محمد بن تکش سے وابستہ ہوئے۔ اس شاہ نے ان کی بڑی آؤ بھگت کی اور بڑے اعزاز کے ساتھ انعام و اکرام سے مالا مال کر دیا۔

امام رازی کی دولت کی فراوانی کا اندازہ اس واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے کہ خراسان سے جب ہرات و غزنی کا قصد کیا تو ان سے دوستانہ تعلقات کی بنا پر سلطان شہاب الدّین غوری نے اپنی کسی مہم کے لئے روپے کی ضرورت کا اظہار کیا[6] امام نے اپنی ساری دولت ان کے آگے لا کر رکھ دی۔ سلطان نے اپنے غزنی کے قیام میں بڑے شکریہ کے ساتھ یہ رقم مع مزید انعام و کرام کے امام کے حوالے کر دی۔ اسی طرح دوسرے حکمرانوں کی مدد بھی فرمایا کرتے تھے۔ یہ ایسی مثال ہے جس کی نظیر تاریخ اقوام عالم میں مشکل سے ملتی ہے۔

کرّامیہ، باطنیّہ اور حنابلہ کے ساتھ ان کے مناظرے نے بڑی شدت اختیار کی۔ یہاں تک کہ ان کے فتنے سے مجبور ہو کر امام صاحب کو ہرات چھوڑنا پڑا۔ حاکمِ شہر کو فوج کی مدد سے امن و امان قائم کرنا پڑا۔ جب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

امام صاحب رے پہنچے تو ان کے وعظ و علمی مجلسوں سے ان کے اعزاز میں چار چاند لگ گئے۔ اب تک "ابن الخطیب" کے نام سے شہرت رکھتے تھے، مگر رے کی مجلسوں کے بعد "خطیب رے" کے لقب سے چار دانگ عالم میں مشہور ہوئے۔

ہرات سے کرّامیہ کے استیصال کے بعد سلطان خوارزم شاہ نے پھر ان کو ہرات بلوایا اور بڑے تزک و احتشام کے ساتھ امام صاحب کا استقبال کیا۔ امام صاحب بڑی شان و شوکت سے شیخ الاسلام کے لقب کے ساتھ ہرات میں جلوہ افروز ہوئے۔ ایسی شان و شوکت کسی دوسرے شیخ الاسلام کو کبھی نہ میسّر ہوئی۔ حاکمِ شہر حسین کارمل اعیان شہر کے ساتھ امام صاحب کو استقبال کر کے ایک بڑے جلوس میں ایوان شاہی تک لائے۔ اوّلین روز امام صاحب نے جامع مسجد میں درس دیا، ایک خاص منبر ان کے لئے رکھا گیا۔ ان کے ترکی غلام اپنی کمر سے تلواریں لگائے دو رویا کھڑے تھے۔ دائیں بائیں اعیان و امراء شہر اپنی نشستوں پر جاگزین تھے، ایک بڑا جم غفیر خاموشی کے ساتھ جمع تھا۔ سلطان شہاب الدین غوری کے بھتیجے سلطان محمود مجلس میں امام صاحب کے قریب ہی رونق افروز تھے۔ اب امام صاحب نے اپنی تقریر شروع کی، لوگ ہمہ تن گوش برآواز تھے۔ اسی طرح خوارزم شاہ میں ایک بڑے مجمع میں جب وعظ فرما رہے تھے تو اثناء وعظ میں ایک کبوتری کسی شکاری پرندے سے بچتی ہوئی سیدھی امام صاحب کی گود میں آ گری۔ مجمع دیکھ کر شکاری پرندہ کسی طرف نکل گیا، ان کے شاگرد ابن عنین (محمد بن نصر اللہ بن الحسین بن عنین الدمشقی المتوفی ۵۴۹ھ) نے فی البدیہہ یہ شعر پڑھا:-

جاءت سلیمان الزمان حمامة — والموت یلمع من جناحی خاطف

من نبأ الورقاء ان محلکم — حرم وانک ملجأ للخائف

"سلیمان زمانہ کے پاس کبوتری آئی بحالیکہ موت ایک اچکنے والے کے بازوؤں سے چمک رہی تھی۔ اس چڑیا کو کس نے خبر کر دی کہ آپ کا محل حرم ہے اور آپ خوفزدہ کے لئے ملجا و ماویٰ ہیں"۔

یہ حقیقت ہے کہ امام کے جاہ و منصب اور علمی برتری نے بہتوں کو دشمن بنا لیا۔ مؤرخین نے طرح طرح کی باتیں لکھی ہیں، اور عجیب عجیب الزامات ان پر لگائے گئے ہیں۔ ان کے معاصر ابو شامہ دمشقی نے یہاں تک لکھا ہے کہ نعوذ باللہ، حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بھی گستاخی سے باز نہ آتے تھے۔ چنانچہ اپنی تقریروں میں کہتے "قال محمد التازی ویقول محمد الرازیؒ" (محمد عربی

[redacted]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

---

نے فرمایا اور اب محمد رازی کہتا ہے)۔ مگر ان کی تصنیفات ایسی یاوہ گوئی سے بالکل پاک و مبرا ہیں خود یہ نادر تصنیف جس کا تعارف اس وقت مقصود ہے اس بات کی شہادت پیش کرتی ہے کہ جب بھی حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آتا ہے لکھتے ہیں :۔ "قال صاحب الشریعۃ" یا "قال صاحب الشرع" یا "قال علیہ السلام"

اسی طرح امام ابن تیمیہ جو برابر اپنے رسائل میں شیخ امام رازی کے اقوال و تفسیر کی دھجیاں اڑانے میں دریغ نہیں کرتے، بطور حجت بیان کرتے ہیں کہ خود امام رازی نے اعتراف کیا ہے کہ عقلیات میں میں نے فضول وقت ضائع کیا اور طرق کلامیہ میں مفت وقت گنوایا، حقیقی علوم قرآن پاک میں ہیں اور ان کے سمجھنے میں حقیقی علم مضمر ہے۔

یہی علامہ ابن تیمیہ ہیں جو امام رازی کی تفسیر کے متعلق فرماتے ہیں :۔

"فیہ کل شئی الا التفسیر" ان کی تفسیر میں تفسیر کے سوا سب کچھ ہے"۔ اس سخت ناقدانہ کلمے کو شن کر سنجیدہ اور حق پسند و منصف مزاج علماء سے نہ رہا گیا اور قاضی القضاۃ ابوالحسن علی السبکی نے فرمایا: "ما الامر کذا انما فیہ مع التفسیر کل شئی"۔ "نہیں بات ایسی نہیں ہے، حقیقت یہ ہے کہ امام رازی کی تفسیر میں تفسیر کے ساتھ سب کچھ ہے"۔ ؂

شیخ صلاح الدین الصفدی کا بیان ہے کہ میں نے امام رازی کی محصّل کی پشت پر دیکھا کہ کسی اہل علم دوست نے بطور نقد و تبصرہ یہ دو شعر لکھ دیئے تھے :۔

محصّل فی اصول الدین حاصلہ … من بعد تحصیلہ اصلٌ بلا دین

بحر الضلالات والشک المبین وما … فیہ فاکثرہ وحی الشیاطین

• محصّل اصول دین میں ہے جس کا حاصل اس کے پڑھنے کے بعد اصل بغیر دین کے ہے، گمراہیوں کا بحر اور واضح شکوک سے پُر ہے اور اس میں جو کچھ ہے شیطانوں کی وحی ہے۔"

میں نے برجستہ ان دونوں شعروں کے نیچے لکھا :۔

عیبت عن فہم ما ضمنت مسائلہ … ونورھا قد تجلی بالبراھین

فملت عجزاً الی التقلید وھو متی … حققت لم تلق امراً غیر مظنون

والناس اعداء ما لم یعرفوہ فلا … تدع اذا قلت ذا وحی الشیاطین .

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"محصّل جن مسائل پر مشتمل ہے تم ان کے سمجھنے سے قاصر رہے حالانکہ ان مسائل کی روشنی براہین سے
اٹھی ہے، عاجز آکر تم تقلید کی طرف جھکے جب تم تحقیق کرو تو کوئی بات غیر ظنی نہیں رہتی۔ لوگ
باتوں کے دشمن ہیں جن کو وہ نہیں جانتے، اس لئے کوئی نئی بات نہیں کہ تم کہتے ہو کہ یہ شیاطین کی وحی ہے"
امام رازی کے جین حیات جو بھی الزامات تراشے گئے ان سب کے جواب میں خود ان کی وصیت کافی
اپنی موت سے پیشتر انھوں نے اپنی وصیت لکھوائی جس میں انھوں نے اپنے کو سارے بہتانوں سے
ی کیا اور آخر میں اعلان کرتے ہیں:-

"وان دینی الاسلام ومتابعة محمد ﷺ وصحبه وآله وعلیه وعلیهم السلام وان دأبی
و القرآن العظیم وامامی السنة وعلیهما المعوّل"۔ "بے شک میرا دین اسلام ہے اور
حضرت محمدؐ ان کے اصحاب اور آل کی متابعت ہے، اور ان پر اور ان سب لوگوں پر سلام ہو اور بے شک
طریقہ قرآن عظیم ہے اور میرا امام و مقتدا سنت ہے اور انہیں دونوں پر میرا بھروسہ ہے"

امام رازی علوم ظاہری کے ساتھ علم باطن و تصوف میں بھی یگانۂ روزگار تھے اور شیخ نجم الدینؒ
بری سے فیض باطنی حاصل کیا تھا، امام رازی اپنے علوم میں منفرد تھے۔

ان کی تصنیفات کی تعداد اچھی خاصی ہے ابن الساعی کے بیان کے مطابق مجموعی تعداد دو سو سے
بالا ہے[۹]۔ اکثر کتابیں خود ان کی حیات میں لوگوں میں مقبول ہوئیں اور لوگ شوق سے ان کا مطالعہ کرنے
لگے، ابن ابی اصبیعہ نے اپنی طبقات میں اڑسٹھ کتابوں کا ذکر کیا ہے اور ان کی کتاب "اعتقادات فرق
المسلمین والمشرکین" کی تحقیق کرنے والے نے چھوٹی بڑی ترانوے مؤلفات گنوائی ہیں، ان کی
بہت سی تصنیفات مختلف حکمرانوں اور بادشاہوں کے نام معنون ہیں، کیونکہ ان کی فرمائش پر وہ
کتابیں لکھی گئی تھیں۔ ان کی آخری تصنیف ان کی تفسیر ہے، جو مصر سے آٹھ ضخیم جلدوں میں بار بار
چھپ کر لوگوں تک پہنچی ہے۔

علوم کے متعلق ان کا نظریہ جیسا کہ تفسیر (جلد ۴ ص ۱۳۴) اور دوسرے بعض رسائل میں ذکر کیا ہے
یہ تھا کہ علوم نظری ہیں یا عملی۔ نظری علوم میں سب سے اشرف اور کامل ترین اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات
افعال اسماء و احکام کی معرفت ہے۔ اور یہ علوم بھی اس کتاب (قرآن پاک) سے زیادہ اکمل و اشرف کہیں
نہیں ملتے۔ علوم عملی سے مقصود یا تو اعمال جوارح ہیں یا اعمال قلوب۔ اوّل کا نام اخلاق کی پاکیزگی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بارت ہے اور دوسرے کا نام تزکیۂ نفس۔ ان دونوں علوم کو بھی اس کتاب سے بہتر طور پر کسی دوسری جگہ
ں پا سکتے: پھر یہ اللہ تعالیٰ کی سنت جاری ہے کہ جو اس کتاب سے بحث کرتا ہے اور اس کے ساتھ لگا رہتا ہے
کو دنیا کی عزت اور آخرت کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔"

## تاب النفس والروح

اس مضمون کا اصل مقصد امام فخر الدین رازی کی تصنیف "کتاب النفس والروح" کا تعارف ہے۔ آکسفورڈ کے
نہ قیام میں (اکتوبر ۱۹۵۰ء تا اگست ۱۹۵۲ء) بوڈلین لائبریری کے بعض نوادرات کے دیکھنے کا
نعہ میسّر ہوا، ان نوادرات میں امام رازی کی کتاب النفس والروح نظر آئی یہ عربی مخطوطہ نمبر ہنٹ ۵۳۴
(Ar. MS. NO HUNT 53.) شیخ الرئیس ابن سینا کی کتاب النجاۃ
کے نسخہ کے ساتھ مجلد ہے۔ کتاب النجاۃ کا یہ نسخہ نہایت صاف
ش خط اور بے حد قدیم ہے۔ اس کی کتابت کی تاریخ ۴۶۶ھ درج ہے۔ امام رازی کی کتاب کا خط
گانہ ہے اور آٹھویں نویں صدی ہجری کا خط معلوم ہوتا ہے۔ یہ کتاب اوراق "۲۵۷ الف۔ ۲۹۵ ب"
تمل ہے۔ اس حصہ میں کہیں تاریخ کتابت درج نہیں، روشنائی پھیکی ہے اور یہ حصہ کرم خوردہ بھی
، کاتب نے کتابت کے بعد اپنے نسخہ کی صحت کے لئے مقابلہ کیا ہے اور چھوٹے ہوئے الفاظ کو جا بجا
اشی میں درج کیا ہے۔ اوّلین صفحہ (۲۵۷ الف) پر جلی حروف میں "کتاب النفس والروح وشرح
اھما" لکھا ہوا ہے۔ پھر کچھ فاصلے پر وسط میں چند سطروں میں باریک حروف میں محتویات کی فہرست درج ہے۔
چونکہ راقم الحروف ان دنوں ابن باجّہ کی کتاب النفس کی تحقیق میں مصروف تھا اور علامہ ابن القیم کی
ب الروح نیز ابن رشد کی کتاب النفس وغیرہ کی ورق گردانی مکرر سہ کر رہا تھا، اس لئے فطری
ں کتاب کے مطالعہ کا شوق ہوا، البتہ چند اوراق کے مطالعے کے بعد یہ واضح ہو گیا کہ اس کتاب
فوری طور پر ابن باجّہ کی کتاب النفس کی تحقیق میں مدد نہیں مل سکتی، اس لئے اس وقت اس
سے تو در گزرا! البتہ امام رازی کی نسبت سے اس کی اہمیت دماغ میں جاگزین رہی۔
ن اتفاق کہیے یا سوء اتفاق کہ ابن باجّہ کی کتاب النفس کی تحقیق میں نے اس امید پر شروع کی
ین کا نسخہ جس کو اہلوردٹ نے (NO. 5060 : AHLWARDT) اپنی فہرست میں ذکر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بعض رسائل (رسالۃ النبات۔ رسالۃ الوداع اور رسالۃ الاتصال) کے نشر کرنے میں استعمال کیا تھا، مجھ کو بھی مل جائے گا۔ اور اس طرح کام آسان ہو جائے گا، مگر آخری جنگ عظیم کے دوران اس لائبریری کی بہت سی کتابیں مختلف جگہوں میں بغرض حفاظت منتقل کر دی گئیں اور ان کے ساتھ اس کا نسخہ بھی کہیں بھیج دیا گیا اور باوجود کوششوں کے اس کا پتہ نہیں چلا۔ اس زمانے میں کام کی دشواری کے خیال سے بہی خواہ پروفیسروں کا خیال ہوا کہ اپنی تحقیق کے لئے کسی دوسری کتاب کا انتخاب کروں، اس وقت امام رازی ہی کی کتاب النفس والروح کو ذہن میں رکھا تھا، پھر ہمت کے ساتھ جب دشواریوں کے حل کے طریقے منکشف ہو گئے تو اس کی نوبت نہ آئی کہ دوسری کتاب منتخب کرتا۔

اسی اثناء میں استاذی مرحوم مولوی عبد السبحان ایم اے (علیگ) بی، لیٹ (آکسفورڈ) (لیکچرار ڈھاکہ یونیورسٹی) نے خواہش ظاہر کی کہ کوئی اچھی نادر کتاب ہوتی اور اس کا انگریزی میں ترجمہ کرتا تو خوب ہوتا۔ چونکہ علم کلام ان کا مضمون تھا اس مخطوط کا فوٹو ان کی خدمت میں بطور ہدیہ پیش کیا گیا البتہ تصویر صاف نہ آنے کی وجہ سے انگلستان سے مراجعت کے چند سالوں بعد انھوں نے مجھے دیا کہ نقل کر کے پیش کروں۔ ۱۹۵۸ء میں حرکت قلب بند ہو جانے سے ان کا انتقال ہو گیا اور یہ مخطوط جوں کا توں پڑا رہا۔

۱۹۶۳ء کے اواخر میں مرکزی ادارہ تحقیقات اسلامی کراچی میں تقرری کے بعد منجملہ دوسرے کاموں کے اس کتاب کی تحقیق و ترجمہ کا خیال ہوا۔ بحمد اللہ ۱۹۶۵ء میں اس کا ترجمہ اور ایڈیشن اختتام کو پہنچا، عربی حصہ طبع ہو کر شائع ہو چکا ہے البتہ انگریزی حصہ مع مقدمہ حواشی پریس میں ہے اور معتد بہ حصہ ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد کے اہتمام سے چھپ چکا ہے جو بہت جلد، انشاء اللہ نشر و اشاعت کی منزل سے درگزرے گا۔

اس مخطوط کے نظر آنے پر امام رازی کی تصانیف کی فہرستوں میں تلاش کے بعد حاجی خلیفہ کی ذیل کی عبارت نظر آئی: "وصنف الامام فخر الدین محمد بن عمر الرازی کتابا فی النفس والروح لخصہ محمد العلائی ورتب علی اقسام"۔

"نفس و روح کے موضوع پر امام فخر الدین محمد بن عمر رازی نے ایک کتاب لکھی، جس کی تلخیص محمد العلائی نے کی اور اس کو چند قسموں میں مرتب کیا"۔

دوسرے مؤرخین نے ان کے مؤلفات میں کتاب الاخلاق اور کتاب النفس کا ذکر کیا ہے۔ موجودہ فہرستوں میں کتاب الاخلاق کا کھوج نہیں ملتا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

معہد المخطوطات جامعۃ الدول العربیہ، قاہرہ میں امام رازی کی طرف دو رسالے کتاب النفس کے نام سے منسوب ملے، ایک کا وجود واٹیکان (روم) میں دوسرے کا وجود دارالکتب المصریہ میں بتایا گیا ہے، دارالکتب المصریہ کے رسالے کا اعتبار اس وجہ سے نہ آیا کہ وہ صرف دس اوراق میں ہے، جب اس کا فوٹو آیا تو ظاہر ہوا کہ وہ کتاب النفس للارسطو پر ابن سینا کے حواشی و تعلیقات تھے جن کو عبدالرحمٰن بدوی نے ارسطو عند العرب میں شائع کر دیا ہے، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ہمارے پاس غلط مائکرو فلم آگیا ہے۔

(معہد المخطوطات لفؤاد سید ص ۲۱۸ نمبر ۱۸۱ مخطوط البلدیہ ۳۳۳۶ - ۱۰ ق)

واٹیکان کا رسالہ بھی ہمارے پیش نظر ہے اور یہ امام رازی کے بہت بعد کی تالیف ہے، ذیل کی عبارت خود شاہد ہے کہ یہ رسالہ امام رازی کے قلم سے نہیں ہوسکتا۔

(الورقۃ ۳ و) "..... الثانی انہ (الروح) جوہر لطیف نورانی مدرک الجزئیات و الکلیات حاصل فی البدن متصرف فیہ غنی عن الاغتذاء بریئ عن التحلل والنماء وھذا اختیار فخر الدین الرازی وشمس الدین السمرقندی من العلماء المتاخرین"

عبارت بالا میں "فخر الدین رازی اور شمس الدین سمرقندی کا پسندیدہ" کہنا اس بات کی دلیل ہے کہ اس کتاب کی تالیف ان دونوں حضرات کے عہد کے بعد ہوئی۔ اس کتاب میں کُل اٹھارہ اوراق ہیں اولین ورق کے دوسرے صفحے پر کتاب کا نام اس طرح مرقوم ہے :-

"فیہ رسالۃ فی الروح والنفس" (اس میں روح و نفس کے بارے میں ایک رسالہ ہے) مصنف کا نام کہیں مذکور نہیں اولین ورق کے دوسرے صفحے میں کتاب کی ابتدائی سطریں صاف بتاتی ہیں کہ مصنف اہل السنت والجماعت سے تعلق رکھتا ہے اور متکلمانہ ذوق رکھتا ہے اور تعصب سے آزاد ہے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبہ نستعین

"الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علی محمد خاتم النبیین و علی آلہ و ا[illegible] حابہ من الانص[illegible] والمہاجرین اما بعد فہذہ رسالۃ مشتملۃ علی فوائد جلیلۃ من بیان ماھیۃ الروح والحیٰوۃ النفس والعقل واقسامہا و لوابعہا و ھی مرتبۃ علی فصلین وستۃ عشر [illegible] حثا واللہ الموفق للصواب، الفصل الاول فی الر[illegible] فیہ عشرۃ ابحاث" الخ۔

ظاہر ہے کہ یہ کتاب بھی مختلف ہے اور اس کی نسبت امام رازی کی طرف صحیح نہیں۔ اس کا ذکر گزشتہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اٹیالین مستشرق لیوی دلّا وِیدہ (LEVI DELLA VIDA) نے خزانۂ واتیکان کے مخطوطات کی فہرست میں کیا ہے جس کا نمبر ۲۹۹ (VAT ARABO 299) اور اوراق "۱۰۸-۱۲۴ظ" پر مشتمل۔ سب سے عجیب بات یہ ہے کہ بروکلمان نے امام کا ذکر کیا ہے۔ مگر وہ اس کتاب کا ذکر کہیں نہیں کرتا، ان کے دو رسالوں کا جو نفس سے متعلق ہیں، حوالہ دیتا ہے۔ ایک "رسالۃ فی النفس" اسکندریہ کے کتب خانے میں ہے، جس کا نمبر الفنون ۱۵۵ ہے اور مجموعہ میں پانچواں رسالہ ہے۔ دوسرا "رسالۃ فی النفس وتحقیق زیارۃ القبور" استانبول میں الفاتح کے کتب خانے میں نمبر ۵۴۲۶ ہے اور مجموعہ میں چوتھا رسالہ ہے مگر یہ دونوں رسالے حجم کے لحاظ سے، ظاہر ہے کہ مختلف ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

(C. BROCKELMANN: GESCHICHTE DER ARABISCHEN LITTERATÜR, I. P. 507, S. I. P. 923.)

امام رازی کی کتاب النفس والروح کی عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کی نسبت امام صاحب کی طرف بالکل صحیح ہے کتاب کی شرح میں کچھ مترادف عبارتیں تفسیر اور دوسری کتابوں سے نقل کر دی گئی ہیں جن سے ان کی تصنیف ہونے میں کوئی شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔

البتہ اس کتاب کے ابتدائی جملوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کتاب درحقیقت علم الاخلاق سے بحث کرتی ہے یوں تو نفس و روح کی بحثیں آجاتی ہیں مگر خود ان کے الفاظ یہ ہیں:- "اما بعد فھذا الکتاب فی علم الاخلاق، مرتب علی المنھج البرھانی الیقینی لاعلی الطریق الخطابی الاقناعی، نسأل اللہ ان یجعلہ سبباً للنفع العظیم فی الدارین والسعادۃ فی المنزلین۔"

اس عبارت سے عیاں ہے کہ اس کتاب کو کتاب الاخلاق کہنا زیادہ موزوں ہے۔

اس کتاب کے مضامین دو حصوں میں منقسم ہیں: قسم اول میں علم الاخلاق کے اصول کلیہ سے بحث کی گئی ہے اور اس میں بارہ فصلیں ہیں۔

پہلی دو فصلوں میں مراتبِ موجودات میں انسان کے مرتبے سے بحث کی گئی ہے، تیسری فصل میں الروح البشری کے مراتب بیان کئے گئے ہیں، چوتھی فصل میں جوہرِ نفس کی ماہیت سے بحث ہے۔ پانچویں فصل میں کتاب الٰہی کی روشنی میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ نفس غیر جسد ہے۔ چھٹی فصل میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ جوہرِ نفس کا تعلق قلب سے ہے اور پھر جالینوس اور اصحاب ارسطو کے اس نظریے سے بحث ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ب کا منبت کیا ہے ؟ جالینوس کا نظریہ ہے کہ اعصاب کا منبت دماغ ہے ، اور ارسطا طالیسی حکماء
ہے کہ اعصاب کا منبت قلب ہے دماغ نہیں۔ جانبین کی دلیلوں کی وضاحت کی گئی ہے ، جن کی
اس شرح و بسط کے ساتھ دوسری متعلقہ کتابوں میں نظر سے نہیں گزری ۔

اتویں فصل میں قوائے نفس کی تشریح ہے ، آٹھویں میں الفاظ نفس ، عقل ، روح اور قلب کی
ہے ۔ نویں فصل میں قوائے نفس کو جو نسبت جوہرِ نفس کے ساتھ ہے اس کی وضاحت کی گئی ہے ۔
سویں فصل میں نفس ناطقہ ، گیارھویں میں لذات عقلیہ ، اور بارھویں میں لذاتِ حسیہ کے نقائص
ے گئے ہیں ۔

سری قسم میں خواہش نفسانی (شہوت ) کے متعلقات کے علاج سے بحث کی گئی ہے ۔ یہ چند فصلوں
ہے جن کے مضامین حبِ مال ، اکتسابِ سعادتِ روحانیہ بتوسط المال ، حرص و بخل ، علاجِ بخل ،
ِ بخل وجود ، جاہ ، علاجِ حبّ جاہ ، ریا ، علاجِ ریا اور طاعات پر مشتمل ہیں ۔
چہ کائنات کی تقسیم امام رازی نے فلاسفہٗ اسلام کے طریقے پر کی ہے مگر اخلاقی نظریوں کی تشریح
می تعلیمات کا عنصر غالب ہے ۔ یہ ایک سچّے مسلمان کی طرح قرآن پاک و احادیث نبویہ سے
ےَ اخذ کرتے ہیں ۔

علاقی مسائل کی تشریح و توضیح میں علاوہ دوسرے یونانی اور مسلمان مصنفین کی کتابوں کے انھوں
ں طور پر امام غزالی کی احیاء علوم دین سے استفادہ کیا ہے ۔

حقیقت ہے اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ مسلمانوں نے یونانی ، ہندوستانی اور ایرانی علوم کا مطالعہ
ہمیشہ اس بات کے کوشاں رہے کہ ان علوم میں اپنے اساتذہ سے گوئے سبقت لے جائیں ۔ یونانی علوم
در کی فی الحقیقت بہت وسیع تھا اور سچ پوچھئے تو ان کے کارنامے انھیں علوم میں سب سے زیادہ
۔ اگر ہم رسائل اخوان الصفا ، یعقوب الکندی ، الفارابی ، ابن سینا ، ابن باجہؒ ، ابن طفیل ، ابن رشد
و مغرب میں ان کے متبعین کی تصنیفات کا ناقدانہ مطالعہ کریں تو اس دعویٰ کی شہادت مل جاتی
سلمانوں نے بڑی کامیابی کے ساتھ ان اجنبی علوم کو اپنے اسلامی سانچے میں ڈھال دیا ۔ انھوں نے
، کے علمی اور فلسفیانہ اصلاحات و عبارات ہی سے کام نہیں لیا ، بلکہ اپنے اسلامی افکار و خیالات
ر کے لئے انھوں نے ان کے دقیق و نامانوس اصطلاحات کو اسلامی اصطلاحات و عبارات کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

پنجے میں منتقل کر لیا۔

چونکہ امام رازی کو اپنے زمانے کے مختلف الخیال اور مختلف المذاہب لوگوں کا مقابلہ کرنا پڑا۔ اس لئے انھوں نے معتزلہ، باطنیہ، کرامیہ اور حنابلہ کے بعض نظریات کا ردّ بڑی سختی سے بیان کیا ہے۔ ان کے زورِ بیان، قوتِ خطابت اور دلچسپ منطقی پیرایۂ بیان سے بہت سے لوگ تائب ہو کر اہل السنت والجماعت میں شامل ہو گئے اور اپنی تحریروں نیز تقریروں سے عالم اسلام میں تہلکہ مچا دیا۔ ان کی کتابیں ان کے بحیات مقبول عام ہوئیں اور غزنی، خوارزم شاہ، رے، دمشق نیز دوسرے مشہور شہروں کے مدارس میں داخل نصاب ہوئیں۔

ان کی کتابیں سلاستِ بیان، زورِ دلائل، معقول و منقول براہین کی وجہ سے متقدمین اور خصوصاً غزالی کی کتابوں کے مقابلے میں زیادہ پسند کی جانے لگیں۔ ان میں اسلامی اور یونانی علوم کی تشریح و وضاحت بوجوہ احسن بیان ہوئی ہیں اور یہ مذہبی علوم کی بہترین وضاحت پر مشتمل ہیں، دوسرے الفاظ میں یہ کہنا کچھ بے جا نہ ہوگا کہ امام غزالی نے مذہبی علوم کی عقلی تشریح و وضاحت شروع کی، اور یہ امام رازی کے طویل کارناموں میں تکمیل کو پہنچا۔ اس کام میں ابن سینا کی طویل و مختصر کتابوں نے بڑی حد تک امام رازی کا ہاتھ بٹایا، اگرچہ ان پر امام راغب اصفہانی ابو البرکات بغدادی اور دوسرے معاصر مفکرین کی تالیفات کا اثر بھی ظاہر ہے۔

بہر کیف اپنی کتابوں اور تالیفات میں امام رازی کا نقد و تبصرہ نمایاں ہے، یہ فلاسفہ کے آراء و براہین کو ماننے کے لئے کبھی تیار نہیں، اور خاص کر ابن سینا کے مؤلفات پر جو اس زمانے میں اہل علم حضرات میں عام طور سے متداول تھے، ان کی نگاہ بڑی تیز ہے۔ ابن سینا کے آراء کی تنقید نے خاص طور پر شیعہ مفکرین کے احساسات کو ٹھیس لگائی، چنانچہ نصیر الدین طوسی اور صدر الدین شیرازی کی تالیفات شاہد ہیں یہ امام رازی کو کبھی معاف نہیں کرتے۔

---

## نوٹ

---

لہ مزید معلومات کے لئے دیکھئے: احمد الشامی: عنوان التاریخ جلد ۸ ص ۳۰۷۔ الیافعی: مرآۃ الجنان ج ۴ ص [illegible]، ابن العماد: شذرات الذہب ج ۵ ص ۲۱، السبکی: ط[illegible]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الشافعیۃ الکبری ج ۵، ص ۳۵ - ابوشامہ المقدسی: تراجم رجال القرنین السادس والسابع

قاہرہ ۱۹۳۷ء ص ۶۸ - ابن العبری: تاریخ مختصر الدول - بیروت ۱۹۵۸ء، صفحات ۲۴۰ و

۲۵۴ - ذہبی: میزان الاعتدال ج ۲ ص ۳۲۲ - ابن خلکان: وفیات ج ۱ ص ۴۷۴ - ابن

ابی اصیبعہ: طبقات الاطباء ج ۲ ص ۲۵ - ابن حجر: لسان المیزان ج ۴ ص ۴۲۷ - طاش کبری

زادہ: مفتاح السعادۃ ج ۱ ص ۴۵۰ - حاجی خلیفہ: کشف الظنون ج ۲ ص ۲۹۳ - خیرالدین

الزرکلی: الاعلام: ج ۷ ص ۲۰۳ - خواند میر: حبیب السیر حیدری ایران ۱۳۳۳ ش، ج ۱

ص ۳۳۱، بروکلمان (C. BROCKELMANN) تاریخ الادب العربی ج ۱ ص ۴۴۶، ضمیمہ ج ۱

ص ۹۲۰ (GESCHICHTE DES ARABISCHEN LITTERATURE, 1, 666, S. I. P. 920)

سارٹن (SARTON): مقدمہ تاریخ سائنس (INTRODUCTION TO THE HISTORY OF SCIENCE)

ایچ اے آر گب (H. A. R. GIBB): SHORT ENCYCLOPAEDIA OF ISLAM, PP. 470 - 71

ص ۴۷۰ - ۷۱، مقالہ پال کراؤس (PAUL KRAUS): THE CONTROVERSIES, OF FAKHR-AL-DIN RAZI

اسلامک کلچر، حیدرآباد، اپریل ۱۹۳۸ء ص ۱۳۱ - ۱۵۳: عبدالسلام ندوی: امام رازی ۱۹۵۰ء، اعظم گڑھ

۲؎ القفطی: تاریخ الحکماء، لیبک، تحقیق جولیئس لیپرٹ (JULIUS LIPPERT) ص ۲۹۱ -

۳؎ وفیات الاعیان: تحقیق محمد محی الدین عبدالحمید، النہضۃ المصریہ، القاہرہ ۱۹۴۸ء ج ۳ ص ۳۸۲

۴؎ وفیات الاعیان نفس مصدر۔

؎ تراجم رجال القرنین، تصحیح زاہد الکوثری قاہرہ ۱۹۳۷ء، ص ۶۸ - وسبط ابن الجوزی

مرآۃ الزمان، حیدرآباد، ج ۸ ص ۵۴۲ -

الرازی: کتاب النفس والروح

مجموعۃ الرسائل الکبری، المطبعۃ العامرۃ الشرقیۃ بمصر ۱۳۲۳، ج ۱ ص ۱۰۹:

کما قال الرازی مع انہ من اعظم الناس طعنا فی الادلۃ السمعیۃ حتی ابتدع قولا

ما عرف بہ قائل مشہور عنہ وھو انھا لا تفید الیقین ومع ھذا فانہ یقول: لقد

تاملت الطرق الکلامیۃ والمناھج الفلسفیۃ فما رایتھا تشفی علیلا ولا تروی

غلیلا، ووجدت اقرب الطرق طریقۃ القرآن، اقرأ فی الاثبات الیہ یصعد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

تکلم الطیب الرحمٰن علی العرش استوی، واقرأ فی النفی لیس کمثلہ شیٔ ولا یحیطون بہ علماً،

ال ومن جرب مثل تجربتی عرف مثل معرفتی۔

۹ صلاح الدین الصفدی: الوافی بالوفیات ج ۴ ص ۲۵۴۔

۱۰ ابن الساعی: الجامع المختصر فی عنوان التواریخ وعیون السیر، تحقیق مصطفیٰ جواد، بغداد ۱۹۳۴ء ج ۹، ص ۳۰۷، وابن الاثیر، تاریخ الکامل، الکبری العامرۃ مصر، ۱۲۹۵ھ ج ۱۲، ص ۸۹

۱۱ کتاب النفس والروح کے نام سے متعدد تصنیفات متقدمین ومتاخرین کے یہاں ملتی ہیں محدثین نے نفس اور روح کی تشریح کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ دونوں الفاظ قرآن حکیم میں خود اللہ جل شانہٗ کی اضافت کے ساتھ واقع ہوئے ہیں: "ویحذرکم اللہ نفسہ، فنفخت فیہ من روحی" اپنی کتاب الروح میں علامہ ابن قیم الجوزیۃ نے مشہور محدث ابوعبداللہ بن مندہ الحافظ کی کتاب النفس والروح کا ذکر کیا ہے (دائرۃ المعارف العثمانیۃ، طبعہ ثالثہ، ۱۳۵۷ھ ص ۳۶) خود علامہ ابن القیم نے فخریہ اپنی کتاب معرفۃ الروح والنفس کا ذکر کیا ہے۔ (نفس المصدر ص ۴۶: قد ذکرناھا فی کتابنا الکبیر فی معرفۃ الروح والنفس)

۱۲ دیکھیے: شرح الاشارات، شرح عیون الحکمۃ اور اسفار اربعۃ۔



© rasailojaraid.com